# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 6 کے لئے

## جامن

کس کس کے لئے ہیں

## ٹیچر کیلئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جاکر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

کتاب شروع کرنے سے پہلے درختوں کے بارے میں تحقیق کرلیں۔

# سیشن 1

**10 منٹ**

- درختوں کے بارے میں بات چیت کریں کہ یہ کس کس طرح فائدہ پہنچاتے ہیں۔ مثلاً:
  - درختوں سے پھل، ڈرائی فروٹ، پھول اور بہت سی اشیاء حاصل ہوتی ہیں۔ (لکڑی، گوند، جڑی بوٹیاں)۔
  - درخت میں کچھ پرندے گھر بناتے ہیں اور کچھ اپنی غذائی ضرورت بھی پوری کرتے ہیں۔
  - درخت کاربن ڈائی اوکسائڈ (carbon dioxide) جذب کرتے ہیں اور اوکسیجن (oxygen) breathe out کرتے ہیں۔

**10 منٹ**

- کہانی پڑھ کر سنائیں۔

**10 منٹ**

- نئے الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ پڑھنے میں بچوں کی مدد کریں۔ الفاظ کے معنی بتائیں۔

| الفاظ | معنی |
|---|---|
| تاک تاک کر | نشانہ لگا کر |
| ڈھکا ہوا | چھپا ہوا |
| ضائع | خراب کرنا / پھینک دینا |
| جامنی | جامن کے رنگ جیسا (purple) |
| داغ | دھبے |
| کترنا | دانت سے کاٹنا |
| پکے ہوئے | تیار پھل |
| جھولیوں میں | قمیض / کرتے کے دامن میں |

10 منٹ • بچے کوپی نکالیں۔ بورڈ پر لکھے الفاظ میں سے 5 کے جملے بنائیں۔

### ہوم ورک

5 منٹ • صفحہ 5 میں سے املا کی تیاری کریں۔

## سیشن 2

10 منٹ • بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپیاں نکالیں۔

- صفحہ نمبر 5 میں سے 15 - 10 الفاظ کا املا کرائیں۔

10 منٹ • املا کی اصلاح کروائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
- جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
- بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
- بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

20 منٹ • الفاظ اور ضد پر کام کروائیں۔

- الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے پوچھ کر ضد لکھیں۔
- بچے یہ کام اپنی کوپی میں اتاریں۔
- بچوں سے کہیں کہ کسی 3 الفاظ اور ان کی ضد سے جملے بنائیں۔ ہر جملے میں الفاظ اور ضد دونوں استعمال کریں۔

| الفاظ | ضد | الفاظ | ضد |
|---|---|---|---|
| چھپاہوا | ظاہر | گرمیاں | سردیاں |
| چھوٹے | بڑے | توڑنا | جوڑنا |
| اترنا | چڑھنا | مزیدار | بدمزہ |
| نیچے | اوپر | پکے | کچے |

## ہوم ورک

5 منٹ

- اپنے شہر میں پائے جانے والے کسی ایک درخت کے بارے میں معلومات جمع کریں۔ 4 A4 سائز کے پیپر سے booklet بنا کر اس میں پیڑ کی تصویر لگائیں اور معلومات لکھیں۔ سیشن 6 میں booklet کلاس میں display ہو گی۔

# سیشن 3

10 منٹ

- 6 - 5 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

15 منٹ

- بچوں سے پھلدار درختوں کے بارے میں بات چیت کریں۔ ان سے مندرجہ ذیل سوالات کریں۔
  - کیا آپ نے خود اپنے گھر میں کسی درخت یا پودے کا بیج بویا ہے؟
  - بیج بونے سے درخت کے نکلنے تک آپ نے اس کا خیال رکھا؟
  - کیا آپ کے گھر میں کوئی ایسا درخت ہے جو آپ کے کسی بڑے نے لگایا اور آج آپ لوگ اس کا پھل کھا رہے ہوں۔
  - ایک پھل دار درخت کس کس کو فائدہ پہنچا سکتا ہے؟

20 منٹ • اپنے انکل کو خط لکھیں اور انہیں بتائیں کہ جو درخت انہوں نے گھر میں لگایا تھا وہ اب پھل دینے لگا ہے۔ ان کو اس درخت کے بارے میں بتائیں کہ آپ نے اس درخت کے پھل دینے تک کس طرح اس کا خیال رکھا۔ اس درخت میں کس موسم میں پھل آتے ہیں۔ پھل کیسے اور کون اتارتا ہے۔ پھل کون کون شوق سے کھاتا ہے۔

# سیشن 4

10 منٹ • بچے خاموشی سے کہانی پڑھیں۔

30 منٹ • بورڈ پر سوال لکھیں۔ بچے کوپی میں اتار لیں۔ سوالوں کے جوابات لکھیں۔

- جامن کا درخت کس نے لگایا تھا؟
- اس درخت سے جامن کون کون کھاتا تھا؟
- بچے درخت سے جامن کیسے اتارتے تھے؟
- امی نے بچوں کو درخت سے اترنے کو کیوں کہا؟
- جامن کے درخت کو مالی بابا نے جالی سے کیوں ڈھک دیا؟
- آپ کے خیال میں گلہری گھر میں پہلی بار کیوں آئی؟
- آپ کے خیال میں گلہری جامن زمین سے اٹھا کر کیوں کھا رہی تھی؟

## ہوم ورک

5 منٹ • سیشن 5 کے لئے موسم کا ایک پھل اور ایک چھوٹا چمچہ لائیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 5 کے لئے چھری، چاٹ مصالحہ اور چاٹ بنانے کے لئے برتن کا انتظام کرلیں۔ چند چھوٹے چمچوں کا بھی انتظام کرلیں تاکہ اگر کوئی بچہ چمچہ لانا بھول جائے تو اسے دے سکیں۔

# سیشن 5

20 منٹ
- بچے گھر سے جو پھل لائیں ان کی فروٹ چاٹ بنائیں۔ فروٹ چاٹ بن جائے تو مل کر کھائیں۔
  - (فروٹ چاٹ بنانے سے پہلے ہاتھ دھولیں)۔

20 منٹ
- بچے کوپی نکالیں۔
  - فروٹ چاٹ بنانے کی ترکیب لکھیں۔
  - پہلے اشیاء کے نام اور مقدار لکھیں۔
  - ترکیب ترتیب وار لکھیں۔

### ہوم ورک

5 منٹ
- سیشن 2 میں جو booklet بنانے کا کام دیا تھا وہ مکمل کرکے سیشن 6 میں لائیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

سیشن 6 کے لئے بچوں کی تعداد کے مطابق سادے سفید کاغذ کا انتظام کر لیں۔

# سیشن 6

25 منٹ

- بچوں کو کاغذ دیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنی پینسلیں لے لیں۔ بچوں کی لائین بنائیں اور بچوں کو اسکول میں ایسی جگہ لے کے جائیں جہاں درخت ہوں۔
  - بچوں سے کہیں کہ درخت کے تنے پر کاغذ رکھ لیں۔
  - پینسل کاغذ پر پھیریں۔ چھال کا pattern کاغذ پر آ جائے گا۔
  - کلاس میں آ کر کاغذ اپنی اپنی booklet میں لگا لیں۔

20 منٹ

- بچے درختوں پر جو معلومات لائے ہیں اپنی اپنی booklet سے پڑھ کر سنائیں۔ کوشش کریں ہر بچے کو کچھ نا کچھ معلومات بتانے کا موقع ملے۔

# جامن کس کس کے لئے ہیں

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk